سوال

جماعت پانے کی خاطر تیز تیز چلنا

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

کیا نماز باجماعت میں امام کے ساتھ رکعت پالینے کےلیے تیز چل کر آنا جائز ہے، فتویٰ سے نوازیں، اللہ تعالیٰ آپ کی حفاظت و نگہداشت فرمائے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

آپ جب مسجد میں آئیں اور امام رکوع کی حالت میں ہو تو جلدی نہ کریں اور صف تک پہنچنے سے پہلے نماز شروع نہ کریں کیونکہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جب ایسا کیا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تھا:

«زَادَکَ اللّٰہُ حرصًا وَلَا تَعُدْ» (صحيح البخاري، الاذان، باب: اذا ركع دون الصف، ح: ٧٨٣)

’’اللہ تعالیٰ تمہارے شوق میں اضافہ فرمائے، دوبارہ ایسا نہ کرنا۔‘‘

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ 266